ہماری ترجیح غریب افراد کے لیے حصولِ انصاف کو یقینی بنانا

قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان

مفت قانونی امداد بذریعہ ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی

انصاف تک رسائی ہرشخص کا بنیادی حق ہے اور اس کے حصول کو ممکن بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے ۔ بعض افراد مفلسی کے باعث اپنے مقدمات کادفاع کرنے کی استعدا د نہیں رکھتے لہذا ایسے افراد کی مفت قانونی امداد کیلئےقانون و انصاف کمیشن پاکستان نے ملک کے ۱۳۲ اضلاع میں کمیٹیاں برائے مفت قانونی امدادقائم کی ہیں ۔

ضلعی کمیٹی برائےمفت قانونی امداد/ ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی:۔

کمیٹی کی سربراہی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج/ضلع قاضی صاحب کرتے ہیں جبکہ اس کےممبران میں ڈپٹی کمشنر،سپرنٹنڈنٹ جیل،صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اورسول سوسائٹی کا نمائندہ شامل ہیں۔

کون مفت قانونی امداد کا حقدار ہے؟

ہروہ شخص ہے جومحدود مالی وسائل کی وجہ سے اپنے**قانونی حقوق کا دفاع ضلعی عدالتوں یا ہائی کورٹ**میں نہ کرسکے مفت قانونی امداد کا حقدار ہے۔

مفت قانونی امدا د کی نوعیت:مفت قانونی امداد، وکیل کی فیس،کورٹ فیس،نقول کے اخراجات، پراسیس فیس یا کسی دیگر مد میں جومستحق فرد کو انصاف کے حصول میں معاون ثابت ہو، کی صورت میں ادا کی جائے گی۔مزید ازاں یہ امداد قیدیوں کو بھی حاصل ہے۔

مفت قانونی امداد کےحصول کا طریقہ:۔

مستحق شخص سادہ کاغذ پر مفت قانونی امداد یا کسی مقدمے کے اخراجات کی ادائیگی کیلئے متعلقہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کودرخواست دے سکتا ہے۔ درخواست کے ہمراہ صرف شناختی کارڈ کی نقل یا کوئی اور شناختی دستاویز لف ہونا ضروری ہے۔

سپرنٹنڈنٹ جیل بھی ایسے نادار قیدی (زیرِ سماعت یا سزا یافتہ) جن کے مقدمات مالی وسائل میسر نہ ہونے کی وجہ سےالتوا کا شکار ہو رہے ہوں کی درخواستیں مفت

قانونی امداد کے لیے کمیٹی کو بھجوا سکتا ہے ۔ اس کے علاوہ کوئی عدالت زیرِ سماعت مقدمے میں مستحق فرد کی مفت قانونی امداد کے لیئے کمیٹی سے استدعا کرسکتی ہے۔

مفت قانونی معا ونت کے لیے وکلا کی تقرری:۔

درخواستوں کی جانچ پڑتال اور درخواست دہندہ کی مالی حیثیت کےتعین کے بعد،کمیٹی مفت قانونی امدادکی فراہمی کے لیےمنظورشدہ فہرست سے وکیل مقرر کرے گی اور مناسب سمجھے تو دیگر عدالتی اخراجات کی ادائیگی بھی کر سکتی ہے۔ کمیٹی مقدمہ کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے وکیل کی فیس حد **پچاس ہزار روپے** تک کا تعین کر ےگی ۔

عوامی آگاہی مہم:۔

ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹیز کا قیا م مستحق افراد کی انصاف تک رسائی ممکن بنانے کی جانب ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اس اقدام سے فائدہ اُٹھانے کے لیے لازم ہے کہ عوام کو اس بارے میں آگاہی فراہم کی جائے تا کہ وہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے ان سے رجوع کر سکے۔

قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان
سپریم کورٹ بلڈنگ ، شاہراہِ دستور، G-5/2،اسلام آباد
lcjp@ljcp.gov.pk